
سبق:17

# سجاوٹ کریں گے





صفیہ کی پیدائش کے دن۔ سارے سنگ ساتھی مل جل کر بھوج کھایے۔ سب کوئی آپس میں گپ سپ اور مذاق کرر ہے تھے۔ گھر واپس جانے کے لیے منّا، رینا آپا کو دل ہی دل میں تلاش کر رہا تھا۔ ٹھیک اسی وقت رینا آپا کا چہرہ دیکھا اور رینا آپا کہہ کر پیچھے سے لپٹ گیا۔

منّا نے کہا'' آپا چلو گھر چلیں۔''


نیتا پلٹ کر منّا کو دیکھا اور کہنے لگی۔'' ارے منّا۔ میں رینا آپا نہیں ہوں۔

نیتا کو دیکھ کر منّا زور سے رونے لگا۔

رینا آپا کہاں ہیں........؟



منّا کا رونا سن کر رینا دوڑی آئی۔ منّا نے نیتا کو چھوڑ کر رینا کو پکڑ لیا۔ منّا نے کہا۔ دیکھو آپا، تمہارا چوٹی نیتا باجی کا چوٹی، تمہارا فراک اور نیتا باجی کا فراک ایک ہی طرح کا ہے۔ تمہارے فراک میں مالا لٹک رہی ہے نیتا باجی کے فراک میں بھی مالا لٹک رہی ہے۔ تمہارے فراک کی لائنوں میں چوکور تصویریں ہیں، نیتا باجی کے فراک میں بھی اسی طرح کی تصویریں ہیں۔ تمہارے فراک میں ہنس کی تصویر ہے تو نیتا باجی کے بھی ہے۔ تمہارے فراک کی کمر میں چمکی لگی ہے تو نیتا باجی کے بھی لگی ہے۔ میں نے نیتا باجی کو تمہیں سمجھ کر پیچھے سے پکڑ لیا، لیکن جب میں نے دیکھا تو وہ آپ نہیں تھیں۔




رینا نے کہا شاباش تم اچھا دیکھ لیتے ہو:

- اچھا کہیے تو، میرے فراک کی کون سی تصویر سالو کے کرتے میں ہیں؟

.................................................................


- میرے فراک کی کون سی تصویر دیپو کے کرتے کی تصویر کے ساتھ برابر ہے؟

.................................................................


- میرے فراک کی کون سی تصویر ثانیہ کے فراک کی تصویر کے ساتھ برابر ہے؟

.................................................................

• برابروالی تصویروں میں ایک ہی طرح کا رنگ بھریئے:



●  یہی نقشہ جس تصویر میں نہیں ہے اس پر x نشان لگائیے۔



● پتوں کی سجاوٹ دیکھ کر آگے دو تصویریں آپ بنائیے۔



● آپ اپنی مرضی سے پتے لے کر نئے طریقے سے چٹان میں سجائیے۔


مخصوص حجم اور شکل والی چیزوں اور تصویروں کو ایک خاص طریقے کی سجاوٹ سے ایک ساخت اور خاکہ تیار ہوتا ہے۔

# عملی مشق


1۔ آگے تصویر بنائیے۔

(i) 


(ii) 

(iii) 


2۔ رنگولی کو پوری کیجیے۔



3۔ آگے تصویر بنانے میں کاڑو کی مدد کریے۔

(i) 

(ii) 

## انگلی کی چھاپ سے تصویر

حامد نے ابو کی میز سے سیاہی پیڈ لے کر انگلی کی چھاپوں سے کیسی کیسی تصویریں بنائی ہیں۔ دیکھیے



- آپ انگلی کی چھاپ لگا کر اپنے خیال سے جتنا ہو سکے تصویر بنائیں۔

- بارش اور طوفان کے بعد شکیلہ باغیچہ کے اندر گئی۔ پتے جہاں تہاں بکھرے پڑے تھے۔ بالو، مٹی اور پانی ان پر سے بہہ گیا تھا۔ اس نے ایک ساتھ پڑے ہویے ۵/۴ پتوں کو اٹھا کر دیکھا کہ زمین پر پتوں کے چھاپ اور نشان بن گیے ہیں۔

واہ.......کیا بہترین تصویر ہے۔

اس کے دماغ میں ایک بات سوجھی۔ کہ پتے کو رنگ میں ڈبو کر پتے کی چھاپ سے
تصویر بنایا جایے تو کیسا ہوگا؟


دیکھیے اس نے کیسی کیسی تصویر بنائی۔




**استاد کے لیے ہدایت:** کئی طرح کے پتوں کو اکٹھا کر کے ان کو رنگ میں ڈبو کر ہوشیاری کے ساتھ سفید کاغذ پر چپکا کر پتوں کی چھاپ بنائیں گے۔ باہر کی دھاروں کو قلم یا دوسرے رنگیں قلم سے لکیر کھینچ کر دھار بنائیں گے۔

تلسی اور نیم کے پتوں کو لے کر ان کی چھاپ بنائیے۔

- اب اس نے کئی طرح کی سبزیوں کو کاٹ کر رنگ میں ڈبو کر کیا کیا، دیکھیے۔




بھنڈی کو کاٹ کر رنگ میں ڈبو کر آپ بھی چھاپ بنائیے۔




کریلا کو کاٹ کر رنگ میں ڈبو کر چھاپ تیار کیجیے۔

پہلی تصویر کو دیکھ کر دوسری تصویر کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

تصویر نمبر ۱



تصویر نمبر ۲





# ترانۂ ہندی

| | | |
|---|---|---|
| سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا | | ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا |
| غربت میں ہوں اگر ہم رہتا ہے دل وطن میں | | سمجھو وہیں ہمیں بھی دل ہو جہاں ہمارا |
| پربت وہ سب سے اونچا ہمسایہ آسماں کا | | وہ سنتری ہمارا وہ پاسباں ہمارا |
| گودی میں کھیلتی ہیں اس کی ہزاروں ندیاں | | گلسن ہے جس کے دم سے رشکِ جینا ہمارا |
| آے آب روو گنگا ! وہ دن ہیں یاد تجھ کو | | اترا ترے کنارے جب کارواں ہمارا |
| مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا | | ہندی ہیں ہم وطن ہیں ہندوستاں ہمارا |
| یونان ومصرو روما سب مٹ گئے جہاں سے | | اب تک مگر ہے باقی نام و نشاں ہمارا |
| کچھ بات ہے کہ ہستی مٹتی نہیں ہمارا | | صدیوں رہا ہے دشمن دورِ زماں ہمارا |

اقبالؔ کوئی محرم اپنا نہیں جہاں میں
معلوم کیا کسی کو دردِ نہاں ہمارا

☆☆☆

# ARMS YOU FOR LIFE AND A CAREER......

INDIAN ARMY

| CATEGORY | EDUCATION | AGE |
|---|---|---|
| (1) Soldier (General Duty) (All Arms) | SSLC/Matric 45% marks in aggregate and 32% in each subject. No % required if Higher Qualification, then only pass in matric ie. 10+2 and above. | 17 1/2 - 21Yrs |
| (2) Soldier (Technical) (Technical Arms, Artillery) | 10+2/Intermediate exam. pass in Science with Physics, Chemistry, Maths and English. | 17 1/2 - 23 Yrs |
| (3) Soldier Clerk/Store Keeper Technical (All Arms) | 10+2/Intermediate examination pass in any stream (Arts, Commerce, Science) with 50% marks in aggregate and min. 40% in each subject. No stipulation of marks for higher qualification. | 17 1/2 - 23 Yrs |
| (4) Soldier Nursing Assistant (Army Medical Corps) | 10+2/Intermediate exam pass in Science with Physics, Chemistry, Biology and English with minimum 50% marks in aggregate and minimum 40% marks in each subject. | 17 1/2 - 23 Yrs |
| (5) Soldier Tradesman (All Arms) | Non Matric | 17 1/2-23 Yrs |
| (6) Soldier (General Duty) Non Matric (All Arms) | Non Matric | 17 1/2-21 Yrs |
| (7) Surveyor Auto Cartographer (Engineers) | BA/BSc with Maths having passed Matric & 12th (10+2) with Maths & Science | 20-25 Yrs |
| (8) JCO (Religious Teacher) (All Arms) | Graduate in any discipline. In addition, qualification in his own religious denomination. | 27-34 Yrs |
| (9) JCO (Catering) (Army Service Corps) | 10+2, Diploma/Certificate course of a duration of one year or more in Cookery/Hotel Management and Catering technology from recognized University. AICTE recognition is not mandatory. | 21-27Yrs |
| (10) Havildar Education | GP "X" - M.A./M.Sc. Or B.A., B.Ed/B.Sc., B.Ed.<br>GP "Y" - B.A./B.Sc. Without B.Ed. | 20-25 Yrs |

**Note:** Dispensation in Education for enrolment as Sol (GD) is permissible to some selected States/Region/Class & Community by the Govt.
Details may be obtained from nearest ARO/ZRO.

(This data is only of informative value and subject to change.) For Details contact Recruiting staff.
Visit us at www.joinindianarmy.nic.in E-mail: recruitingdirectorate@vsnl.net

# INDIAN ARMY





**An extraordinary life**
**A life full of adventure, honour and glory**
**Where you are one among a million,**
**and one in a million.**

## Be The Best
## Join Indian Army



www.joinindianarmy.nic.in